نام .... نور و بشر

مؤلف .... مولانا سید بادشاہ گل صاحب

قیمت .... تین روپے صرف

ناشر .... دار التصنیف جامعہ اسلامیہ اکوڑہ خٹک

ہمارے مذہبی گروہوں میں عموماً نور و بشر کے مسئلہ پر ایک بے معنی اور بے سود بحث چھڑی رہتی ہے، جب کہ اس بحث کا فائدہ تو کوئی نہیں لیکن نقصانات بہت ہیں۔ مولانا سید بادشاہ گل صاحب نے اس مسئلہ پر خالص علمی رنگ میں غیر جانبدارانہ تبصرہ کیا ہے۔ چنانچہ انھوں نے قرآن و حدیث، حکماء اسلام اور صلحائے امت کے اقوال کی روشنی میں پوری وضاحت فرمادی ہے جس کے پڑھنے سے جانبین کے غیر متعصب اور خود غرضی سے بالاتر افراد کی پوری تشفی ہو جائے گی۔

نام .... فوائد حسینیہ

مؤلف .... مولانا سید بادشاہ گل صاحب

قیمت .... تین روپے پچاس پیسے صرف

ناشر .... دار التصنیف جامعہ اسلامیہ اکوڑہ خٹک

ہمارے کئی علماء اور صوفیاء تصوف کے بارے میں افراط و تفریط کا شکار ہیں۔ صوفیاء کا خیال ہے کہ تصوف دوسرے تمام احکام سے افضل ہے کیونکہ یہ علم باطنی ہے، علماء کہتے ہیں کہ باقی امور افضل ہیں۔ کیونکہ ان کے متعلق قرآن و حدیث میں واضح احکام ہیں۔

مولانا سید بادشاہ گل صاحب نے اس مسئلہ پر بھی غیر جانبدارانہ تبصرہ کیا ہے اور وقت کے ایک اہم مسئلہ پر قلم اٹھا کر تصوف پر ایسا پر از معلومات ذخیرہ فراہم کر دیا ہے کہ جس کے مطالعہ کے بعد یہ ناممکن ہے کہ کسی مسلمان اور صاحب ایمان کا دل مائل بہ طاعت نہ ہو۔ ایک طالب ولایت اور سالک راہ حقیقت کے لیے چراغ منزل اور خضر راہ کا کام دے گا۔